© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**کائنات کی وسعتیں قرآن کی نظر میں**، مصنف: علامہ طنطاوی۔ مترجم: ابومعاذ حافظ عبدالواحد صدیقی۔ ناشر: ہزارہ سوسائٹی فار سائنس ریلیجن ڈائیلاگ' مانسہرہ۔ صفحات: ۳۵۰۔ قیمت: ۳۰۰ روپے

علامہ طنطاوی مصر کے ایک روشن خیال اور جید عالمِ دین' مفسرِ قرآن اور ایک ایسے مفکر تھے جو کائنات کی وسعتوں پر قرآن کی روشنی میں غور و فکر اور تدبر کیا کرتے تھے۔

علامہ نے قرآن کی مشہور تفسیر الجواہر لکھی جو ۲۵ اجزا اور ایک ملحق پر مشتمل ہے۔ زیرنظر کتاب اسی ملحق کا اُردو ترجمہ ہے۔ پون صدی قبل لکھی گئی اس تحریر میں اُس وقت دستیاب سائنسی معلومات کو قرآن سے ثابت کرنے کی پوری کوشش کی گئی ہے۔ مغرب کے مادی سیلاب کا راستہ روکنے کے لیے نسلِ نو کو خوابِ غفلت سے جگانا اور سائنس اور ٹکنالوجی کی تعلیم کے حصول پر زور دینا اس کتاب کا خاصہ ہے۔ علامہ صاحب نے جہاں بھی سائنسی انکشافات اور حقائق بیان کیے ہیں وہاں عام فہم انداز میں تحصیلِ علم اور تحقیق و جستجو کی ترغیب بھی دی ہے۔

اس کتاب میں انسانی جسم کے مختلف اعضا اور نظاموں: دورانِ خون' دل کی ساخت' شریانوں اور وریدوں کے افعال' اور دانتوں کی ساخت پر درست اور تفصیلی بحث موجود ہے۔ اسی طرح حشرات الارض میں سے ہشت پا (آکٹوپس) کی ساخت اور دفاعی نظام پر بھی درست معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ علاوہ ازیں سمندری مخلوق' مختلف پودوں اور بیجوں کے متعلق مفید معلومات' جس انداز میں پیش کی گئی ہیں اس سے علامہ صاحب کے ذوق' وسعتِ مطالعہ اور شوق و جستجو کو داد دینی پڑتی ہے۔ قرآن میں اللہ تعالیٰ نے کائنات اور موجودات کے بارے میں بہت سی آیات میں اشارے بیان فرمائے ہیں جو آج کی سائنس کے حوالے سے بہت اہم ہیں لیکن قرآنی آیات کی توضیح و تفسیر سائنسی انکشافات اور صنعتی عجائبات کی روشنی میں اس طرح سے کرنا کہ قرآن سائنس کی ایک کتاب

© rasailojaraid.com